12 جنوری 2024ء

اسٹیٹ بینک آف پاکستان نے اپنے واٹس ایپ چینل کا آغاز کر دیا

بینک دولت پاکستان نے اپنے واٹس ایپ چینل کا باضابطہ آغاز کر دیا ہے۔واٹس ایپ صارفین اسٹیٹ بینک کے مصدقہ واٹس ایپ چینل کو درج ذیل لنک یا کیو آر (QR) کوڈ کے ذریعے فالو کر سکتے ہیں۔

اسٹیٹ بینک اس تازہ ترین اقدام کے ذریعے اپنے اسٹیک ہولڈرز کو مصدقہ اطلاعات سے موئثر طور پر اور بروقت آگاہ کرنا چاہتا ہے۔یہ چینل ابلاغ کا ایسا ذریعہ ہو گا جس پر فالوورز کو اسٹیٹ بینک کی پالیسیوں، اقدامات، اعلامیوں اور آگاہی کی مہمات کے بارے میں اطلاعات براہِ راست موصول ہو سکیں گی۔

واٹس ایپ چینل کا لنک یہ ہے:

https://whatsapp.com/channel/0029VaCSf6cEKyZMXFJbUc1i

واٹس ایپ کے علاوہ اسٹیٹ بینک سوشل میڈیا کے ان پلیٹ فارمز پر بھی موجود ہے:

ٹوئٹر: @StateBank_Pak

فیس بک: @StateBankPakistan

یوٹیوب: @StateBankofPakistanOfficial

*****